105460- منگنی کا عرصہ طویل ہونا

سوال

میں نے اپنے ماموں کی بیٹی کا رشتہ طلب کیا الحمد للہ منگنی ہوگئی ہے، اور منگنی کو ایک برس اور تین ماہ ہوچکے ہیں، لیکن ابھی تک نکاح نہیں ہوا، وہ میرا انتظار کررہی ہے لیکن میرے پاس ابھی تک اتنی رقم جمع نہیں ہوسکی جس سے شادی کے اخراجات پورے ہوسکیں، کیا اس تاخیر پر میں گنہگار تو نہیں ہورہا، اور اگر اس کا گناہ میرے ذمہ ہے تو برائے مہربانی مجھے بتائیں کہ میں کیا کروں ؟

پسندیدہ جواب

جب آپ شادی کے لیے مال جمع کرنے میں مشغول ہیں اوراخراجات کی رقم اکٹھی کررہے ہیں تو اس تاخیر میں آپ پر کوئی گناہ نہیں، کیونکہ یہ عذر کے باعث ہے، لیکن آپ کو چاہیے کہ آپ لڑکی کے گھر والوں سے اجازت لیں اورانہیں مکمل باخبر رکھیں، اورانہیں بتائیں کہ شادی کے اخراجات کی رقم جمع کرنے کے لیے کچھ عرصہ درکار ہے.

جب آپ انہیں بتائیں اوروہ آپ کو اجازت دے دیں توپھر اس میں کوئی حرج نہیں، اور آپ پر کوئی گناہ نہیں ہے، ہم یہ نصیحت کرتے ہیں کہ خاوند کو شادی کے ان اخراجات کا مکلف نہیں کرنا چاہیے جس کی وہ استطاعت نہ رکھتا ہو، بلکہ شادی میں آسانی پیدا کرنی چاہیے، اور مہر بھی کم ہونا حتی الامکان شادی کے اخراجات کم کیے جائیں" انتہی.